
# پاکستانیوں کا موسمیاتی تبدیلی کے حوالےسے اقدامات کرنے کا مطالبہ:39% پاکستانی فوری طور پر موسمیاتی اقدامات کرنے کی حمایت کرتے ہیں ۔جبکہ شہری علاقوں کی نسبت (25% ) دیہی علاقے اس حوالے سے تھوڑے بہت اقدامات کرنے کوزیادہ ترجیح دیتے ہیں(32% )۔




معلوم نہیں :14%

جواب نہیں دیا :2%



جیسا کہ شائد آپ جانتے ہوں کہ آجکل اس بات پر بحث جاری ہے کہ کیا کچھ ایسے اقدامات کئے جانے چاہیئے جن کے ذریعے ایسی انسانی سرگرمیوں کو روکا جا سکے جو ماحول پرمنفی اثر ڈالتی ہیں مثلاً گلوبل وارمنگ کا بڑھنا، موسم میں تبدیلی آنا وغیرہ۔ برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ۔۔۔۔؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## متفرق/دیگر مسائل

موسمیاتی تبدیلی

# پاکستانیوں کا موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے اقدامات کرنے کا مطالبہ: 39% پاکستانی فوری طور پر موسمیاتی اقدامات کرنے کی حمایت کرتے ہیں۔ جبکہ شہری علاقوں کی نسبت (25%) دیہی علاقے اس حوالے سے تھوڑے بہت اقدامات کرنے کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں (32%)۔


(گیلپ & گیلانی سروے)

(اسلام آباد، 08اگست 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 39% پاکستانی فوری طور پر موسمیاتی اقدامات کرنے کی حمایت کرتے ہیں۔ جبکہ شہری علاقوں کی نسبت (25%) دیہی علاقے اس حوالے سے تھوڑے بہت اقدامات کرنے کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں (32%)۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" جیسا کہ شائد آپ جانتے ہوں کہ آجکل اس بات پر بحث جاری ہے کہ کیا کچھ ایسے اقدامات کئے جانے چاہیئے جن کے ذریعے ایسی انسانی سر گرمیوں کو روکا جاسکے جو ماحول پر منفی اثر ڈالتی ہیں مثلاً گلوبل وارمنگ کا بڑھنا، موسم میں تبدیلی آنا وغیرہ۔ برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ۔۔۔۔۔؟"**۔اس سوال کے جواب میں 39% جوابدہندگان کے مطابق 'یہ ضروری ہے کہ جلد از جلد ایسے اقدامات کیے جائیں' جن کے ذریعے ایسی انسانی سر گرمیوں کو روکا جاسکے جو ماحول پر منفی اثر ڈالتی ہیں، 29% جوابدہندگان کے مطابق 'یہ ضروری ہے کہ آئندہ سالوں میں تھوڑے بہت ایسے اقدامات کیے جائیں'، جبکہ 16% جوابدہندگان کے مطابق 'یہ ضروری نہیں کہ ایسے کوئی اقدامات کئے جائیں'، 14% جوابدہندگان کو اس حوالے سے معلوم نہیں ہے، تاہم 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**" جیسا کہ شائد آپ جانتے ہوں کہ آجکل اس بات پر بحث جاری ہے کہ کیا کچھ ایسے اقدامات کئے جانے چاہیئے جن کے ذریعے ایسی انسانی سر گرمیوں کو روکا جا سکے جو ماحول پر منفی اثر ڈالتی ہیں مثلاً گلوبل وارمنگ کا بڑھنا، موسم میں تبدیلی آنا وغیرہ۔ برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ۔۔۔۔۔؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 930 خواتین اور مرد حضرات سے 07 مارچ تا 23 مارچ 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**دیہی-شہری علاقوں کے اعتبار سے**: دیہی اور شہری دونوں علاقوں میں موسمیاتی تبدیلی پر فوری اقدامات کرنے کی حمایت یکساں (39%) پائی گئی۔ جبکہ، شہری علاقوں کے جوابدہندگان کی نسبت (25%) دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے جوابدہندگان اس حوالے سے تھوڑے بہت اقدامات کرنے کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں (32%)۔ شہری علاقوں میں اس حوالے سے "کوئی اقدام نہ کرنے" کی حمایت کرنے والوں کی شرح دیہی علاقوں (15%) کے مقابلے میں تھوڑی زیادہ (18%) پائی گئی۔ دونوں علاقوں میں غیر یقینی صورتحال بھی تقریباً یکساں رہی، جہاں دیہی علاقوں کے 13% اور شہری علاقوں کے 15% جوابدہندگان نے اس حوالے سے 'معلوم نہ ہونے' کا بتایا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے کہ پاکستانی موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے فوری اقدامات کرنے کی حمایت کرتے ہیں، جبکہ دیہی علاقے اس حوالے سے تھوڑے بہت اقدامات کرنے کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مقامی مسائل کو مد نظر رکھتے ہوئے اور ماحولیاتی آگاہی بڑھانے کے لیے مخصوص پالیسیوں کی ضرورت ہے۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 8th August 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2025

celebrating
45
years
of Gallup Pakistan
(1980-2025)